سوال

(403) عورت کے لیے جمعۃ المبارک کی نماز پڑھنا جائز نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعض لوگوں نے کہا ہے کہ عورت کے لیے جمعۃ المبارک کی نماز پڑھنا جائز نہیں۔ اگر عیدگاہ بھی دور ہو اور انتظام بھی نہ ہو سکتا ہو اس صورت میں عیدین کی نماز عورت مسجد میں یا گھر میں پڑھ سکتی ہے کہ نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہر چھوٹا بڑا عالم جانتا ہے کہ عورتیں عید کی نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں عیدگاہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امامت میں ادا کیا کرتی تھیں۔ 1اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ کو اپنانا ہر اہل حدیث اور ہر اہل سنت کا کام ہے۔ {لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ} [الاحزاب: ۳۳ ۲۱] ''یقینا تمہارے لیے رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں عمدہ نمونہ ہے۔''

عورت کے لیے جمعہ پڑھنا درست ہے، البتہ جمعہ عورت پر واجب و فرض نہیں۔ 2 ۸ ۱۱ ۱۴۲۱ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]()

جلد02ص342

محدث فتویٰ